کے مفید ہونے میں کوئی کلام نہیں ہوسکتا، البتہ عنوانات کی ترتیب، اخذ واقتباس اور پیش کش کے اسلوب پر قاری الجھن محسوس کرتا ہے۔حوالہ جات ناقص ہیں۔نیز اگر یہ ٹیم ورک ہے اور اس مجموعہ پر مختلف افراد نے کام کیا ہے تو ان کے نام بھی ہونے چاہییں، یہ علمی دیانت کا تقاضا ہے۔بایں ہمہ یہ مجموعہ فائدے سے خالی نہیں۔ہمارے خیال میں اس مجموعے کو ائمہ مساجد کو اپنے ہاں ترتیب وار یا جستہ جستہ پڑھنے اور مقتدیوں کو سنانے میں سعی کرنی چاہیے۔

''تذکرہ المصنفین وتعریفات العلوم''

مولف: مولانا احتشام الحسن۔صفحات: 120۔قیمت لکھی نہیں۔ملنے کا پتا: مکتبۃ الاشرف نزد جامع مسجد النور تترال ضلع چکوال۔فون: 0331-8468887

درس نظامی کے ابتدائے سال میں اساتذہ کرام اپنے زیر درس علوم وفنون کی کتابوں کے مباحث کا تعارف کرایا کرتے ہیں۔مثلاً مصنف کے احوال، کتاب کا موضوع، کتاب میں آنے والی علمی اصطلاحات وغیرہ......مولانا احتشام الحسن صاحب زید مجدہم نے اس اہم اور بنیادی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے یہ کتابچہ ترتیب دیا ہے۔اس کتابچے میں درس نظامی (بنین وبنات) کی تمام کتب کے مصنفین کے احوال۔تفسیر، اصول تفسیر، علم حدیث، اصول حدیث، فقہ، اصول فقہ کی اصطلاحی، لغوی تعریفات، موضوع اور غرض وغایت کو عربی اردو کے نپے تلے جملوں میں مرتب ومدون کردیا ہے۔اسلوب سہل اور قیل وقال سے پاک ہے۔طالب علم کو ان تعریفات کے یاد کرنے میں بھی آسانی ہے۔آخر میں اصطلاحات فقہ مثلاً طہارت، فرض، واجب، سنت، نفل، قضاء الفوات، اداء، قضاء، طلاق، رجعت، ایلاء، خلع، ظہار، لعان، عدۃ، نفقہ وغیرہ کی صحیح فقہی تعریفات بھی شامل ہیں۔مزید برآں وفاق اور مدرسے کا امتحان کیسے دیا جاتا ہے، اور اس سلسلے میں کن امور کا خیال رکھنا چاہیے، اس حوالے سے بھی مفید معلومات دی گئی ہیں۔یہ کتابچہ طلبہ اور اساتذہ دونوں کے لیے مفید ہے۔

خلاصۃ العقائد فی توضیح شرح العقائد (مطابق نصاب بنین/ بنات)

تالیف: مفتی محمد عبداللہ زید مجدہ، صفحات، (حصہ بنین): 584، (حصہ بنات): 272۔طباعت: مناسب۔ قیمت: لکھی نہیں۔ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون 0300-7345151

وفاق المدارس کے نصاب میں شرح عقائد نسفی شامل ہے۔یہ کتاب اپنے اسلوب متن کے اعتبار سے معرکۃ الاراء کتاب ہے۔پیچیدگی اور اغلاق ہی اس کتاب کا حسن ہے۔طالبان علم اپنے ذوق علم کو جلا دینے کے لیے اس کی پیچیدگیوں کو کھولتے اور گتھیوں کو سلجھانے کی سعی کرتے ہیں۔